SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XIX مجریہ ۱۹۷۲

SINDH ORDINANCE NO.XIX OF 1972

مغربی پاکستان پرائمری تعلیم اور لوکل کاؤنسلز ہائی اسکولس (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۲

THE WEST PAKISTAN PRIMARY EDUCATION AND LOCAL COUNSILS HIGH SCHOOLS (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1972

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۶۲ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XXIX کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of Section 2 of West Pakistan Ordinance XXIX of 1962

۳۔ ۱۹۷۰ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XV کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of Section 2 of West Pakistan Ordinance XV of 1970

۴۔ گزشتہ تواریخ میں نوٹیفکیشن جاری کرنے کا اختیار

Power to issue notification retrospectively

سندھ آرڈیننس نمبر XIX مجریہ ۱۹۷۲

SINDH ORDINANCE NO.XIX OF 1972

مغربی پاکستان پرائمری تعلیم اور لوکل

کاؤنسلز ہائی اسکولس (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۲

THE WEST PAKISTAN PRIMARY EDUCATION AND LOCAL COUNSILS HIGH SCHOOLS (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1972

[۳ اکتوبر ۱۹۷۲]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان پرائمری تعلیم آرڈیننس، ۱۹۶۲ اور مغربی پاکستان لوکل کاؤنسلز ہائی اسکولس (تحویل میں لینا) آرڈیننس، ۱۹۷۰ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ مغربی پاکستان پرائمری تعلیم آرڈیننس، ۱۹۶۲ اور مغربی پاکستان لوکل کاؤنسلز ہائی اسکولس (تحویل میں لینا) آرڈیننس، ۱۹۷۰ میں ترمیم کرنا مقصود ہے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۳۵ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو مغربی پاکستان پرائمری تعلیم اور لوکل کاؤنسلز ہائی اسکولس (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ پہلی اکتوبر ۱۹۷۲ سے نافذ سمجھا جائے گا۔

۱۹٦۲ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XXIX کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of Section 2 of West Pakistan Ordinance XXIX

۲۔ مغربی پاکستان پرائمری تعلیم آرڈیننس، ۱۹۶۲ (۱۹۶۲ کا مغربی پاکستان آرڈیننس XXIX) کی دفعہ

of 1962 ۱۹۷۰ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XV کی دفعہ ۲ کی ترمیم Amendment of Section 2 of West Pakistan Ordinance XV of 1970	۲ کی شق (g) میں، آخر میں آنے والے سیمی کولن سے پہلے الفاظ "اور اس میں شامل ہے میونسپلٹی یا میونسپل کارپوریشن" شامل کیئے جائیں گے۔ ۳۔ مغربی پاکستان لوکل کاؤنسلز ہائی اسکولس (تحویل میں لینا) آرڈیننس، ۱۹۷۰ (۱۹۷۰ کا مغربی پاکستان آرڈیننس XV) کی دفعہ ۲ کی شق (g) میں، آخر میں آنے والے سیمی کولن سے پہلے الفاظ "اور اس میں شامل ہے میونسپلٹی یا میونسپل کارپوریشن" شامل کیئے جائیں گے۔
گزشتہ تواریخ میں نوٹیفکیشن جاری کرنے کا اختیار Power to issue notification retrospectively	۴۔ کوئی بھی نوٹیفکیشن جو کسی میونسپلٹی یا میونسپل کارپوریشن میں مغربی پاکستان پرائمری تعلیم آرڈیننس، ۱۹۶۲ (۱۹۶۲ کا مغربی پاکستان آرڈیننس XXIX) یا مغربی پاکستان لوکل کاؤنسلز ہائی اسکولس (تحویل میں لینا) آرڈیننس، ۱۹۷۰ (۱۹۷۰ کا مغربی پاکستان آرڈیننس XV) کو نافذ کرتا ہو، وہ ایسی تاریخ سے موثر ہوگا جو پہلی اکتوبر ۱۹۷۲ سے پہلے نہ ہوگی۔ **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**